
www.novelsclubb.com
منصف
فریحہ کنول
Pdf available at
www novelsclubb com
FB INSTA
novelsclubb

# السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

# منصف

از

فریحہ کنول

www.novelsclubb.com

منصف قسط نمبر 1

لیپ ٹاپ گود میں رکھے بال شانوں پے پھیلائے ہلکے پنک رنگ کی شرٹ میں ملبوس اور وائٹ رنگ کا پلازو پہنے لیپ ٹاپ کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

وریشہ "-وہ آواز پر چونکی۔ "

"جی ماما "

"آگیا رزلٹ ؟"

www.novelsclubb.com

نہیں ماما ابھی ویب سائٹ پے بہت رش ہے اوپن نہیں ہو رہی. "اس نے لیپ" ٹاپ کی جانب دیکھتے ہوئے جواب دیا۔

" ٹینیشن نہ لو ہمیشہ کی طرح اچھا ہو گا۔ اچھا رزلٹ کے بعد نیچے ٹیبل پر آجانا۔ "

جی اچھا پیاری ماما. "اور مسکراتی نظروں سے فاریہ بیگم کو دیکھا جو دروازہ بند کر" کے واپس جا رہی تھیں.

*********

میرا فون کہاں ہے؟ اوہ زینو کی کالز۔۔؟" ساتھ ہی فون پر نمبر ملایا۔ "


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہیلو زینو!"دوسری جانب سے کچھ پوچھا گیا۔"

"ہاں گیس کرو؟"

یس الحمدللہ،اس دفعہ پھر فرسٹ ڈویژن میں ٹاپ کیا ہے۔"وہ خوشی سے وہ" بتارہی تھی اوریوں محسوس ہوتا تھا کہ اس وقت اس سے زیادہ کوئی خوش نہیں کیونکہ فائنلی انے لاء مکمل کرلیا تھا اوراپنے خواب کو حقیقت بنالیا تھا۔

تھینک یو تم بتاؤ کیا بنا؟"اس نے جوش سے پوچھا۔ "

"ڈونٹ وری تمھارا ابھی بہت اچھا ہے اوکے۔ congratulations اوہ"

"نہیں یار یہ بہت کم مارکس ہیں دوسری طرف سے کہا گیا۔"

شکر کرو زینو، وہ شکر کرنے والوں کو زیادہ دیتا ہے "اس نے بے اختیار قرآن کی" آیت کو اپنے لفظوں میں دہراتے ہوئے کہا۔

www.novelsclubb.com

اوکے چلو اپنا خیال رکھنا۔"دوسری طرف سے کچھ کہا گیا اور اس نے الوداعی" کلمات کہہ کر کال بند کر دی۔

********

آگئی آپ ؟ کیا بنا رزلٹ کا؟اور منہ کیوں بنایا ہوا ہے ؟" مسکراتے ہوئے تنگ "
کرنے والے انداز میں احمر نے ڈھیروں سوالات ایک ساتھ پوچھے۔

ہاں یار بس نہی اچھا۔"اوریشہ نے منہ بناتے ہوئے کہا۔"

"مطلب ؟"

www.novelsclubb.com

مطلب یہ کہ بہت اچھا ہے، میں نے فرسٹ ڈویژن میں ٹاپ کیا ہے. "اس نے" جوش سے بتایا۔

واو ڈیٹس گریٹ. "فیصل صاحب خوشی سے کھڑے ہو گئے اور فاریہ بیگم بھی" پیچھے کھڑی ہو گئی۔

www.novelsclubb.com

وریشہ فوراً فیصل صاحب کے گلے لگ گئی۔

" بابا آپ کی بیٹی ایک دن اس شہر کی اعلی ترین وکیلوں میں سے ایک ہو گی۔ "

"آف یو بیٹا، پتہ ہے بیٹا ماں باپ کی سب سے بڑی (proud)آئی ایم ریلی پراوڈ"
خوشی کیا ہوتی ہے؟

"کیا؟

" . یہی کے ان کے بچے ان سے زیادہ کامیاب ہوں "

" . آئی ایم ریلی پراوڈ آف یو بیٹا... خوش رہو

"تھینک یو سو مچ بابا۔ایک دن آپ کا سر اس سے بھی زیادہ فخر سے بلند کرو گی۔"

www.novelsclubb.com

مجھے یقین ہے بیٹا۔"انہوں نے یقین سے کہا۔ "

مارتی ہے۔لیکن آج وہ بہت (dialogue) اور احمر کھڑا سوچ رہا تھا اچھے) خوش تھا آخر بہن کی کامیابی کا دن تھا۔لاکھ لڑتے ہو لیکن خوشیاں, غم ایک ہوتے (ہیں۔

اگر باپ بیٹی کا پیار ختم ہو گیا ہو تو یہاں میں بھی ہوں"فاریہ بیگم نے اپنی" موجودگی کا احساس دلاتے ہوئے کہا۔

.فیصل صاحب اور وریشہ مسکرا دیے

اوہ ماما یو آر سو سویٹ میں آپ کو کیسے بھول سکتی ہوں؟اور آ کر فاریہ بیگم کے گلے" لگ گئی۔

" خوش رہو بیٹا اور ہمیشہ کامیاب ہو۔"

". آمین "

احمر" وہ جو دور کھڑا یہی سوچ رہا تھا کہ اب کتنے دن وریشہ کے لاڈ پیار اٹھائے" جائے گے اسے نہ بھول جائے سب.(یو نو بہن بھائی پوزیسو یس)فاریہ بیگم کی آواز پے سوچوں سے نکلا۔

"بہن کو مبارک باد نہیں دینی، کیا سوچ رہے ہو؟ "

(اب کیا بتاؤ...اس نے دل میں سوچا۔)

ہوں دیتا ہوں۔"اور آگے ہو لیا۔ "

تمھیں پتہ ہے اس دفعہ میں نے دعا کی تھی کہ تم فرسٹ ڈویژن میں ٹاپ کی,"
بجائے لاسٹ سے ٹاپ کرو لیکن پھر بھی تم فرسٹ پے ہو اور مجھے بہت خوشی
ہے۔"

www.novelsclubb.com

سب کھڑے مسکرا رہے تھے کیونکہ سب جانتے تھے بہن بھائی کا پیار کیسا ہوتا

ہے. )

"احمر بہت فضول جوک تھا مجھے بہت ہنسی آ رہی ہے۔"

" ہیں اپنی طرف سے تو اچھا بنایا تھا میں نے"

" . احمر نہ دو تم مجھے مبارکباد بھ"

www.novelsclubb.com

اچھا سوری کانگر نحو لیشن ڈئیر اسی طرح کامیاب ہوتی رہو اور خوش رہو اور ہاں "

"ٹریٹ میں کیسے بھول سکتا ہوں۔

"پہلے گفٹ پھر ٹریٹ۔ "

"میں نہیں دے رہا گفٹ لیکن ٹریٹ چاہیے۔ "

"پھر مجھے بھی ٹریٹ نہیں دینی "

اچھا بابا بعد میں لڑ لینا ابھی تم دونوں ناشتہ کر لو۔" فاریہ بیگم جو بیٹھ گئی تھیں "

"انہیں دیکھ کر بولی۔

www.novelsclubb.com

"او کے ماما"

ہھ اوور۔"وریشہ نے بیٹھتے ہوئے کہا۔"

تھینک یو ہھ۔"احمر نے ساتھ ہی جواب دیا۔"

فاریہ بیگم آج ڈنر باہر کرے گے۔"

واو ڈ ڈیٹس گریٹ..."احمر ساتھ ہی بولا۔"

www.novelsclubb.com

تھینک یو بابا۔ "وریشہ نے شکریہ ادا کیا۔"

ویلکم ڈئیر. "اور خاموشی سے ناشتہ کرنے لگے۔"

************

ناشتے سے فارغ ہو کر فیصل صاحب چلے گئے اور باقی سب بھی اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے .

www.novelsclubb.com

احمر فون آرہا ہے میرا دیکھو تو کس کا ہے؟"فاریہ بیگم جولان کی صفائی کروا رہیں" تھی لاونج میں بیٹھے احمر کو آواز دے کر کہا۔

ماما تائی امی کی کال ہے۔"احمر نے وہی سے جواب دیا۔"

"اٹھالو تم۔"

"میں نہیں اٹھارہا۔"

"اچھا ادھر لاؤ۔ "

www.novelsclubb.com

ضرور رزلٹ پوچھنا ہو گا،اچھالا رہا ہوں "اس نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔"

" یہ لیں۔بج بج کے بیچارہ تھک گیا ہو گا۔ "

ادھر دو۔"فاریہ بیگم نے اسے فون لیا۔"

"ہیلو اسلام علیکم بھابھی کیسی ہیں آپ؟"

.میں ٹھیک آپ بتائے؟دوسری طرف سے آواز آئی"

" ٹھیک الحمدللہ۔"

"آج وریشہ کا رزلٹ تھا نہ کیا بنا؟"(پہلا سوال وہی۔احمر وہی کھڑا اسن رہا تھا ساتھ ساتھ کومینٹری پاس کر رہا تھا)

"ماشاءاللہ ہر دفعہ کی طرح ٹاپ کیا ہے ."

"واہ بہت خوشی ہوئی اور اللہ اسے مزید کامیاب کرے۔"دوسری طرف سے خوشی کا اظہار کیا گیا۔

"آمین۔"

"اور سب کیسے ہیں؟

"جی ٹھیک"

اچھا مجھے کام ہے میں بعد میں کرتی ہوں اور وریشہ کو کہوں ٹریٹ تیار رکھے."

"دوسری طرف سے کہا گیا۔

www.novelsclubb.com

"جی بھابھی میں کہ دوں گی، چلے ٹھیک ہے۔"

اوکے اللہ حافظ۔"اور کال کٹ گئی۔"

*************

تم نے کہیں جانا ہے۔" فاریہ بیگم نے پاس سے گزرتی وریشہ سے پوچھا۔ "

" ہاں، میں زینو کی طرف جارہی ہوں۔"

"اوکے"

www.novelsclubb.com

میں نہیں چھوڑ کر آؤں گا۔" احمر نے فوراً منع کر دیا۔"

"ہاں تم بس گیمز کھیلنا یہاں بیٹھ کے ریڈی ہو جاؤ ورنہ بابا کو بتاؤ گی۔

"ٹھیک ہے بچو اپنا ٹائم آئے گا پر یہ جو بلیک میلنگ ہے نہ۔"

********

لائٹ پیلو اور پرپل کلر کا شارٹ کرتا سادہ مگر پیارا اور نیچے پلازہ بال کھلے بال جو سیدھا کمر پر گر رہے تھے۔ گلے میں ڈوپٹا، ٹرانسپرینٹ ہیل سیاہ آنکھوں پر مسکارا، ہلکی پنک لپ سٹک، کانچ سی آنکھیں۔ہاں وہ بلا کی خوبصورت تھی کہ ہر ایک کی نگاہ اس پر ٹک جاتی تھی۔

www.novelsclubb.com

" واؤ وریشہ۔ "

"گاڑی میں جا رہا ہو۔آنا ہے آ جاو "

" اف آ رہی ہو۔"

"یو لک پریٹی۔"

"شکریہ ماما"

" کیا پریٹی ماما دنیا سب سے بد صورت لڑکی لگ رہی ہے۔"

"اوہ بھئی ڈونٹ بھی جیلس۔ "

www.novelsclubb.com

میں ہو بھی نہیں رہا۔"اور گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔وریشہ بھی اس کے پیچھے "
ہولی۔

*********

راستے میں ایک کم عمر لڑکا کھڑا گجرے بیچ رہا تھااور وریشہ تو گجروں کی دیوانی تھی۔

احمر مجھے گجرے لے کر دوں پلیز.. "اس نے منت بھرے انداز میں کہا۔"

www.novelsclubb.com

"کیوں لے کے دوں؟"

"احمر کیا ہو گیا بھائی نہیں ہو؟"

" نہیں۔اچھا بھلا گیم میں سکور بنا رہا تھا۔ "

"اچھا نا سوری پلیز۔ "

"نو ایکسکیوز۔ "

www.novelsclubb.com

اور وریشہ منہ بنا کر بیٹھ گئی۔

سنو۔"احمر نے بچے کو مخاطب کیا۔"

بچہ جس کے چہرے پر معصومیت تھی گجرے لیے کھڑا تھا۔احمر کے مخاطب کرنے پر اس نے مڑ کر دیکھا۔اور وریشہ مسکرادی۔

"دو گجرے دے دو کتنے کے ہیں؟"

"کا ایک۔ 40 "

" . دو دے دوں۔یہ لوں سو روپے اور باقی تم رکھ لو"

www.novelsclubb.com

نہ صاحب غلط بات ہے مجھے محنت سے کمانا پسند ہے، میری اماں کہتی ہیں بیٹا محنت سے کما کے کھانے میں برکت ہوتی ہے اور دس، بیس روپے کے لیے سودا نہ کرنا کم لے آنا محنت سے لانا۔" اس نے معصومیت سے گجرے نکالتے ہوئے کہا۔

"واو گریٹ۔"

"یہ لو صاحب بیس بقایا۔"

" چھوٹے یہ انعام رکھ لو۔ "

کس بات کا صاحب؟" اس کے چہرے پر بلا کی معصومیت تھی۔"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

" اتنی سی عمر میں اتنی پیاری بات کا۔"

میری اماں کہتی ہے کسی اجنبی سے کچھ نہیں لینا چاہیے۔"کچھ تو تھا اس بچے میں جو" احمر اس سے بات کر رہا تھا۔

" مجھے دوست بنا لیں پھر میں اجنبی نہیں رہوں گا۔"

" اماں کہتی ہے ہر اجنی کو دوست نہیں بنانا چاہیے۔ "

"اچھا بابا نا لوں، نہ بنو دوست بس۔"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"صاحب بس تم ہمیں دعا دے دینا اور میں تمھیں دیتا ہوں اللہ خوش رکھے۔ "

تمھیں بھی۔"اس نے سنجیدگی سے کہا۔ "

ہمیں خوشیاں نصیب کہاں ہوتی ہیں ہماری تو عمریں یوں سڑکوں پر دھکے کھاتے "
" گزرتی ہے۔ لیکن دیکھنا صاحب میں اپنی محنت سے ایک بڑاانسان بنو گا۔

ہوں انشاءاللہ اپنا خیال رکھنا۔"اور آگے بڑھ گیا۔ "

"کتنا کیوٹ تھا بچہ۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں. "خیالوں سے باہر نکلتی وریشہ نے کہا۔ "

میں سوچ رہی ہو یہ بیچارے جو چھوٹی عمروں میں خوابوں کو دفن کر کے گھروں کو" . چلاتے ہیں کتنے عظیم ہوتے ہیں۔"اور ساتھ ساتھ گجرے پہن رہی تھی

" تم بعد میں سوچنا ابھی گھر آگیا ہے۔ "

"احمر تم کبھی نہیں سدھرو گے۔"

نہیں کبھی نہی۔"اس نے دانت دباتے ہوئے کہا۔ "

" .تم بھی آجاؤ Anyway

"میں کیا کروں گا تم جاؤ۔ "

"او کے۔"

www.novelsclubb.com

*******

" .اسلام و علیکم آنٹی "

"و علیکم اسلام کیسی ہو؟"

" ٹھیک آپ بتائے۔ "

"میں بلکل ٹھیک۔ "

"بڑے ٹائم بعد چکر لگایا ہے؟ "

"بس بزی تھی

"زینو کہاں ہے؟"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"روم میں ہی ہے آپ چلی جاؤ"

" .اوکے "

" . میں جوس بجھواتی ہو"

" . آنٹی سے ابھی ناشتہ کر کے آئی ہو ضرورت نہیں ہے. تھینک یو"

"اوکے بچے۔"

" . میں زینو کو دیکھتی ہو"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

".اوکے"

*********

" ہائے زینو "

"ہائے وریشہ۔ تم یہاں؟ کیسی ہو تم؟"

" ہاں سرپرائزاور بلکل پیاری۔"

"تم کسی حلیے میں ہو؟"

" ٹائٹ ڈریس ہے۔ "

"اچھا چلو تیار ہو جاؤ۔"

"کیوں؟؟"

"مال چلنا ہے۔ "

" .ہاں مجھے بھی جانا تھا "

www.novelsclubb.com

چلو اٹھو پھر۔"اور وہ اٹھ گئی۔"

********

.بھائی کہاں ہے ماما؟"کمرے سے آتی زینب نے سوال کیا"

"روم میں ہو گا ابراہیم"

"ہوں"

"تم کہیں جا رہی ہو؟ "

www.novelsclubb.com

" .جی شاپنگ پے یونہی کچھ چیزیں لینی ہے"

"اوکے۔"

*********

ابر ہیم. "جو موبائل میں مصروف تھا اسے دیکھتے ہی پھر موبائل سے دیکھنے لگا۔"

ہمم۔"شہد نما آنکھیں مغرور ناک اور مغرور انداز۔ وجیہ انسان تھا۔ "

" وہ ہم نے جانا ہے چھوڑ آؤ گے ؟"

ڈرائیور ساتھ چلی جاؤ"مغرور انداز میں جواب دیا۔ "

"وہ فری نہیں ہے۔ "

اور ہاں ہم نے سے کیا مطلب اور کہاں جانا ہے؟"موبائل سے سر اٹھا کر اس نے" پوچھا۔

" میں نے اور وریشہ نے "

"ایک تو تم اور تمھاری یہ دوست۔ کہاں جانا ہے؟"

" مال۔ "

"گھر بیٹھو انجوائے کرو۔"

" یار میں دس منٹ میں ریڈی ہو رہی ہو تم آ جاؤ باہر۔ "

اچھا سنو تمھارا کیا رزلٹ آیا ہے ؟"اس نے یاد نے پر یک لخت پوچھا۔ "

"تم کسی دنیا میں ہو ؟ ؟الحمدللہ فرسٹ ڈویژن ہے۔ "

". Ok great"

www.novelsclubb.com

"اور وہ تمھاری نک چڑھی دوست کا۔"

"واٹ؟"

" .اچھا سوری ایک تو تم اپنی دوست کی برائی نہیں سن سکتی"

www.novelsclubb.com

ہاں تو اصلی دوست وہی ہوتا ہے جو اپنے دوست کی غیر موجودگی میں اس کی برائی" نہ سن سکے بلکہ اس کو ڈیفینڈ کرے اور اس کے لئے سٹینڈ لے کیونکہ سامنے تو بہت " .لوگ اچھے بنتے ہیں نبھاتے ہیں لیکن پیچھے برائی کرتے ہیں

ویسے فرسٹ ڈویژن میں ٹاپ کیا ہے۔"زینب نے فخر سے بتایا۔ "

واہ گڈ ویسے کر لی ہو گی کوئی سفارش...."ابراہیم نے تنگ کرنے والے انداز "
میں کہا.

جسٹ شٹ اپ۔"زینب نے غصے میں کہا۔"

سچ کا زمانہ ہی نہیں۔"ابراہیم نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔ "

.اور زینب دروازہ بند کر کے واپس چلی گئی

www.novelsclubb.com

*******

"زینو کتنی دیر اور میک اپ کرو گی تم میک اپ کے بغیر زیادہ پیاری لگتی ہو"

بس ہو گیا۔"زینب نے بلشن لگاتے ہوئے کہا".

پنک شرٹ کے نیچے پنک ٹراوزر، منہ پے میک اپ لیکن پھر بھی عام سی شکل اور وریشہ کے منہ پر ہلکا سا لائنز اور بہت خوبصورت۔

www.novelsclubb.com

چلو وریشہ وہ ویٹ کر رہا ہے."زینب نے دوپٹہ گلے میں ڈالتے ہوئے کہا ".

کون؟"وریشہ نے حیران ہو کر پوچھا.

" ابراہیم۔ "

نو۔ہم اس کے ساتھ ؟تو ڈرائیور کہاں ہے ؟اتنا ایٹی ٹیوڈ ہے اس میں مغرور ناک" کے ساتھ اور بھی مغرور ہے تمھارا بھائی اوور"۔

اتنا غور میں نے کبھی نہیں کیا ویسے۔"زینب نے لاپروائی سے کہا۔ "

.جسٹ شٹ آپ۔"وریشہ نے بیگ اٹھاتے ہوئے کہا "

"او کے اب چلو ڈرائیور فری نہیں۔ "



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"اچھا چلو۔

زینب واپسی کب ہے تمھاری۔"آنکھیں جھکا ہے موبائل پر مصروف انداز میں"
ابراہیم نے پوچھا۔

" پتہ نہیں بتادوں گی یا آجاؤ گی۔ "

www.novelsclubb.com

.اوکے"اور گاڑی سٹارٹ کی "

.ویسے وریشہ تم گیٹ ٹو گیدر کب رکھ رہی ہو؟"زینب نے سوال کیا"

"کل مے بی ابھی سوچا نہیں۔ "

باہر دیکھتی وریشہ نے مغرور انداز میں جواب دیا۔

لوگ ایک دن میں دنیا دریافت کر لیتے۔" ابراہیم نے اپنے انداز میں جواب دیا۔"

" یو جسٹ شٹ اپ ابراہیم۔اوور "

"گو ٹو ہیل وریشہ فیصل۔"

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تم میں یہ اتنا نخرہ کس بات کا ہے؟"

"تم سے مطلب اپنا کام کرو۔ "

یو آلسو گو ٹو ہیل ابراہیم خان۔"وہ بھی وریشہ فیصل تھی۔"

"چیٹنگ کی اتنی عادت ہے کہ فقرہ بھی میرا اٹھایا۔ "

" .اف۔ابراہیم میں ایرے غیرے کے منہ نہی لگتی "

تم دونوں کیا لڑتے رہتے ہو۔"زینب نے تنگ آکر کہا۔"

آ گیا اترو" ابراہیم نے سامنے کھڑی بلڈنگ کو دیکھتے ہوئے کہا وہ بلڈنگ بہت " خوبصورت تھی وہ تین بڑے حصوں پر مشتمل تھی اور ایک حصہ تھوڑا دوران تین سے تھا اسے سینٹورس کے نام سے جانا جاتا تھا۔

"زینب تم پھر جاؤ اور اپنی اس دوست کو بھی لے جاؤ۔"

میرے پاؤں ہیں۔" اور ساتھ ہی اتر کر دروازہ مارنے کے انداز میں بند کیا۔"

آئی ہیٹ یو ابراہیم خان۔" اور آگے بڑھ گئی۔"

www.novelsclubb.com

"آئی ہیٹ یو ٹرپل ٹائم وریشہ فیصل"

" اف وریشہ چلو۔"

اوکے چلو۔"اور وہ آگے بڑھ گئی۔"

********

www.novelsclubb.com

مال میں ہر طرف گہما گہمی تھی۔رش معمول کے مطابق کم تھا چونکہ دوپہر کا ایک بج رہا تھا اور دوپہر میں رش رات کی نسبت کم ہوتا تھا۔ہر کوئی اپنی دنیا میں مگن تھا، ایسے میں زینب اور وریشہ مال کے نچلے حصے سے اوپر جارہی تھیں۔حالانکہ دن تھا

لیکن روشنی معمول کے مطابق تھی، سفید ماربل سے بھرپور فرش, اوپر بالکونی ٹائپ بنا ہوا تھا. اوپر سے نیچے کا منظر صاف دکھائی دیتا تھا۔ لفٹ سیڑھیوں ٹائپ تھی۔ اور کراس دے میں لفٹیں بنی ہوئی تھیں، جگہ جگہ فانوس تھے م،۔ دوسرے فلور پے مختلف برینڈز تھی۔ وہاں کھاڈی، آؤٹ فٹرز، اتنھک اور کافی مختلف برینڈز تھی۔

ایتھنگ پر ایک بلیک کلر کا کرتا جس کے گلے پر ہلکا سا خوبصورتی سے کام ہوا تھا اور نیچھے سے سادہ کرتا تھا البتہ بازوؤں پے ہلکا ہلکا کام تھا گولڈن کلر میں اور سلور کلر کا بہت خوبصورتی سے کام ہوا تھا۔ زینب نے وریشہ سے پوچھا جو خود پرپل لائٹ ڈریس دیکھ رہی تھی۔

کیسا ہے یہ "زینب کے مخاطب کرنے پر دیکھا۔"

یار اٹس بیوٹیفل۔" وریشہ نے دیکھتے ہی کہا۔"

میں یہ لے لیتی ہوں تم پارٹی رکھو گی تو یہ پہن لوں گی۔"زینب نے مسکراتے "
ہوئے کہا.

ہاں شیور، میرا ابھی یہی تھیم رکھنے کا دل ہے ؟"وریشہ نے بھی اسی مسکراہٹ "
کے ساتھ کہا.

"بس ٹھیک ہی ڈن۔ "

www.novelsclubb.com

بل کروالے" وریشہ نے ہاتھ میں کچھ ڈریس پکڑے ہوئے تھے اس نے زینب کو"
مخاطب کر کے کہا۔

اوکے "اور وہ کاؤنٹر کی طرف بڑھ گئی۔

********

مختلف برینڈز سے مختلف چیزیں خرید کر تھک ہار کے وہ تھرڈ فلور پر آگئی وہاں
کا انتخاب کیا۔ KFC کھانے کی مختلف جگہیں تھیں۔انہوں نے

.کیالو گی وریشہ ؟"بیٹھتے ہی زینب نے وریشہ سے پوچھا"

"ہاں آئی تھنک۔ zinger cheese and fries"

" ہاں ٹھیک ہے اوکے "

.اتنے میں ویٹر آگیا

www.novelsclubb.com

."Mam oder plz" اس نے مخاطب کیا

" Two zinger cheese burgers and fries and two Tin can"

زینب نے آرڈر لکھوایا.

اوکے میم "ویٹر نے اسی انداز میں جواب دیا".

ویٹ "وریشہ نے ویٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"یس میم."

" ایک کولڈ ڈرنک اونلی اوکے "

اوکے "اور ویٹر آگے بڑھ گیا".

www.novelsclubb.com

"وریشہ ایک ٹین کین کیوں؟ تم نے نہیں پینی؟"

چھوڑدو اس کی جگہ drinks نہیں، بلکہ میں تمھیں سجسٹ کروگی کہ تم بھی یہ "
کافی کرلیا کرو ."

بٹ مزا جو کوک میں ہے وہ کسی چیز میں نہیں "زینب نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "

www.novelsclubb.com

"تمھیں پتہ ہے اک سپ لینے پر کیا ہوتا ہے۔ "

پھر خود ہی جواب دیا۔

"تمھارے (Immunity ) سسٹم پر تمھاری باڈی پر ظاہر تو کچھ خاص فرق نہیں ہوتا لیکن اندر تمام چیزوں کو ختم کر دیتی ہے۔، بلکہ میں کہوں گی کہ کوک ایک تیزاب ہے جو انسان کے اندر بہت اثرات پیدا کرتی ہے جو ایک وقت تک پتہ نہیں چلتا لیکن ایک وقت بعد اندر سب ختم ہو جاتا ہے. کیونکہ تیزاب یو نو کیسا ہوتا ہے، کر دیتا ہیں۔اسی طرح ڈرنکس ہمارے اندر ہر چیز کو (shrink) ہر چیز کو سکیڑ کر دیتی ہیں اور پھر ایک عمر بعد ہماری باڈی میں پین سٹارٹ (shrink ) سیکڑ ہو جاتی ہے، ہمیں سر میں, ہر جگہ درد رہتا ہے۔ کیونکہ ہم نے اپنے
کو کمزور کر دیا ہوتا ہے اس طرح بخار وغیرہ کی بھی (سسٹم Immunity)
شکایت اور کمزوری ہو جاتی ہے بلکہ بیماری سے لڑنے کی طاقت بھی نہیں رہتی۔"

زینب جو مسکراتے ہوئے سن رہی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی دریشہ فیصل کو چپ کر وانا اس وقت مشکل ہے مگر وہ خوش تھی اس کے پاس قریشی ہے جو اس کا خیال رکھتی ہے۔

www.novelsclubb.com

وریشہ مجھے اس وقت تم لاء کی سٹوڈنٹ کم اور ایک ڈاکٹر زیادہ لگ رہی ہو ویسے "
میں چھوڑنے کی کوشش کروں گی۔" زینب نے مطمئن انداز میں جواب دیا۔

لاء سٹوڈنٹ ہو یا آرٹس کی یا سائنس کی کو اس بارے میں پتہ ہونا چاہیے اور ہاں "
"چھوڑنے کی کوشش نہی چھوڑو۔

اتنے میں ویٹر آڈر لے کر آگیا ویٹر نے آرڈر ٹیبل پر رکھا اور آگے بڑھ گیا۔

اوکے آج پی لو پھر چھوڑ دوں گی آرام سے" زینب نے التجا کی".

ٹھیک ہے تم ابھی پی لو لیکن زینب یاد رکھنا جو کام جو عادت ہم نے بنانی ہو یا چھوڑنی"
ہو اس پر کام ابھی، اسی وقت کرنا چاہیے کل کا، کچھ ٹائم کا انتظار کرنے کی بجائے
" .اُسے اُسی وقت اپنانا یا چھوڑنا چاہیے

اوکے موٹیو شنل سپیکر آ ؤ سٹارٹ کرے اور انشاءاللہ میں کوشش کروگی کیونکہ "
"عادتیں چھوڑنا اور نئی بنانا تھوڑا مشکل ہوتا ہے۔

لیکن ناممکن نہیں" وریشہ نے برگر ہاتھ میں پکڑ کر بائٹ لیتے ہوئے کہا۔"

".ہوں"

*********

آ گئی بیٹا۔" فاریہ بیگم نے آتے دیکھتے ہوئے کہا۔"

"جی تھک گئی یہ سب لائی ہوں۔ کیسی ہیں آپ۔؟ "

"میں ٹھیک۔"

www.novelsclubb.com

ماما ریسٹ کرلو۔ آج سارا دن ایسے ہی گزر گیا شاپنگ کرتے۔ ماما آپ کو پتہ ہے"
مجھے آج کے دن کو ضائع کرنے کا بہت افسوس ہے کیونکہ
کامیاب لوگ اپنے وقت سے نفع حاصل کرتے ہیں نقصان نہیں۔" وریشہ نے"
.فاریہ بیگم جو کپڑے دیکھنے میں مصروف تھی مخاطب کرتے ہوئے کہا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اٹس اوکے "انجوائے بھی کرنا چاہیے اس سے دماغ فریش رہتا ہے"۔ "

" اچھا میں روم میں جا رہی ہو۔ "

"okkk"

**********

www.novelsclubb.com

رات کو ڈنر کرنے سب باہر گئے تھے واپسی پر وریشہ نے فیصل صاحب کا شکریہ ادا کیا۔

"تھینک یو ڈیڈ فار ڈنر ."

"او کے پیاری۔ "

"بیٹا کل اپنی فرینڈ زینب اور اس کی فل فیملی کو انوایٹ کر لو کل ہم تمھاری فرینڈز گیٹ ٹو گیدر رکھ لیتے ہیں فنکشن رہنے دیتے ہیں ."فیصل صاحب نے ڈرائیو کرتے ہوئے کہا۔

"اوکے بابا جیسے ٹھیک لگے لیکن فیملی فنکشن بعد میں رکھ لے گے۔"

اوکے چلو"(کچھ تو تھاان کے انداز میں خیر....)

*******

بلیک فراک گولڈن کام والی بال سیدھے سلکی بال کمر پر گر رہے تھے بلیک گولڈن بن ہیل آ گے ہلکا سا کام۔آنکھوں میں حسب عادت لائنر،نیٹ کا دوپٹہ جس پر جگہ جگہ گولڈن کام نہایت نفاست زدہ ہوا تھا۔اور لائٹ لپ سٹک۔وہ بہت خوبصورت تھی اور اب مزید خوبصورت لگ رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

ماما آئی ایم ریڈی۔"وریشہ تیار ہو کے فاریہ بیگم کو دکھا رہی تھی۔"

" واو ماشاءاللہ "

وہ واقعی بہت پیاری تھی اور اب مزید پیاری لگ رہی ہے۔

"بہت پیاری لگ رہی ہو پریوں سے بھی پیاری۔"

www.novelsclubb.com

اگر پریوں جیسی بیٹی کی تعریف ہو گئی ہو تو بیٹا بھی دیکھے۔"احمر نے کمرے میں" داخل ہوتے ہوئے فاریہ بیگم سے کہا جو خود بلیک کام والے ڈریس اور واٹ شرٹ

اور بلیک کوٹ کے ساتھ نیچے بلیک پینٹ اور شوز۔ سیاہ آنکھیں چہرے پر ہلکی سی میٹھی مسکراہٹ اور بال جیل کی مدد سے خوبصورتی سے پیچھے کیے ہوئے تھے۔

واہ ماشاءاللہ۔" وریشہ نے دیکھتے ہی کہا۔"

" اوہ وریشہ میڈم تم سے پیار الگ رہا ہو"

". ماننا پڑے گا احمر آخر بھائی بھی تو میرے ہو"

"جب میں پیارا لگتا ہوں جلدی سے بھائی بنا لیتی ہے۔"

یو آر مائی کیوٹ برادر اور جب لگو گے تبھی بتاؤ گی کہ پیارے اور بھائی بنا نہیں رہی "

" بلکہ بھائی ہمیشہ سے ہو ہمیشہ رہوں گے ہھ۔

.اوکے۔"احمر نے کالر جھاڑتے ہوئے کہا"

اب چلے۔"وریشہ نے مخاطب کرتے ہوئے کہا۔"

" . آجاو میں گاڑی میں ویٹ کر رہا ہوں"

.ماما بابا کہاں ہیں؟وریشہ نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"وہ چلے گئے پہلے "

"اوکے چلے۔ "

**********

ہوٹل کے اندرونی حصے میں داخل ہوتے ہی وہ ٹاپ فلور پر جانے لگے۔ سیڑھیاں پار کرتے ہی ایک دم پٹاخے، پارٹی پوپرز کی آوازیں گونجی اور یہ آوازیں بہت دور تک گئی۔ یوں محسوس ہوتا تھا کی اک خواب ہے جگہ جگہ لائٹس، لائٹ میوزک، بلیک گولڈن سیکم کی ڈیکوریشن اور چیرز جو بہت خوبصورت انداز میں موجود تھیں۔ بہت سے لوگ ان چیرز پر بیٹھے تھے لیکن ابھی وریشہ ان سب کو پہچان نہیں رہی تھی۔ ایک جگہ جہاں پندرہ اقسام کی لائیٹیں لگائی ہوئی تھی وہاں



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بلیک کلر کا پردہ نما کپڑا بہت خوبصورتی سے لگایا ہوا تھا جس پر گولڈن حروف میں لکھا تھا congratulations جو اس جگہ کو مزید خوبصورت بنا رہا تھا۔ اس کے سامنا ایک ٹیبل جس پر ایک بہت بڑا الاء کی پہچان کرواتا بلیک اور گولڈن تھیم کیک ایک خوبصورت تصویر پیش کرتا۔ اس میز پر آگے پیچھے موم بتیاں جلی ہوئی تھیں۔ یوں محسوس ہوتا تھا یہ اک خواب ہے یا پرستان کا اک منظر جس کی پری وریشہ ہے۔ بلیک گولڈن سیکم ہر جگہ لائٹس سے نمایا ہو رہی تھی۔ اس پر پھول برسائے جا رہے ہیں کون برسا رہا ہے یہ وہ ابھی تک نہی جانتی تھی۔ وہ اس خواب میں ہمیشہ رہنا چاہتی۔ بہت پیاری کالی رات کے نیچے اطراف میں پہاڑوں کے ساتھ منظر بے حد دلکش لگ رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

وریشہ "اس آواز نے اسے چونکا دیا۔"

جی "اس نے خواب سے نکلنے والے انداز میں جواب دیا۔"

"کیسا لگا؟ "

جی بابا"اس نے فورا آنسو صاف کیے کہ کوئی دیکھ نہ لے مگر وہ خوشی کے آنسو"

تھے۔

".خوبصورت بے حد خوبصورت"

مگر یہ آنسو"اس کے ہزار چھپانے باوجود فیصل صاحب بھانپ گئے۔"

"یہ تو خوشی کہ آنسوں ہیں پتہ ہے مجھے ایسا محسوس ہو رہا ہے میں اک خواب میں ہو۔بہت حسین خواب۔آپ میرے کہے بغیر کتنا کچھ کیا۔مجھے اتنی اچھی انٹری دی سب کچھ بہت اچھا ہے بابا۔"اور ساتھ ہی وہ گلے لگ گئی۔

"یہ سب صرف آپ کے لیے ہے۔یاد ہے تم نے کہا تھا بابا آپ کا سر جھکنے نہیں دوں گی تو میں کیسے یہ سب نہ کرتا۔یہ صرف تمھارے لیے ہے۔"

آئی لو یوں بابا"وہ بس یہ تین الفاظ کہہ سکی۔"

لو یو ٹو۔اب آنسو صاف کرو اور سب سے ملو۔"انہوں نے اسے خود سے علیحدہ کرتے ہوئے کہا۔

لیکن ہاں وہاں موجود باپ بیٹی کے پیار کی آوازیں سب نے سنی تھی، ہر اطراف میں کھڑے پہاڑ نے حتیٰ کہ وہاں کھڑے تمام لوگوں نے۔ ہر کسی نے اسے محسوس کیا تھا۔

*******

پارٹی زور و شور سے عروج پر تھی۔ ہر طرف گہما گہمی تھی۔ میوزک کی آواز تو کہیں پٹاخوں کی آوازیں تھیں۔ ہر طرف پرستان سا ماحول تھا۔ یہ منظر اتنا دلکش اور حسین تھا کہ اک خواب نما تصویر پیش کرتا تھا اور ہر ایک کے دل کو لبھاتا تھا۔

وریشہ "آواز پر اس نے مڑ کر دیکھا تو اس کی کزن فاطمہ کھڑی تھی۔

"اوہ کیسی ہو فاطمہ ؟"

میں بلکل ٹھیک۔"اس نے اسی انداز میں جواب دیا۔ "

" تم بتاؤ تم تو بہت مغرور ہو گئی ملنے بھی نہیں آئی

www.novelsclubb.com

الحمدللہ پر میں مغرور نہیں مصروف ہوں اور ہاں اتنا وقت نہیں کہ ہر کسی سے ملو"
جسے ضرورت ہو وہ خود مل لے۔"وریشہ نے تحمل سے جواب دیا ساتھ ہی ایک
معنی خیز مسکراہٹ اس کے لبوں پر آگئی۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یو لوک سو پریٹی "فاطمہ نے بات گھمانے سے انداز میں کہا۔ "

"تھینک یو سو مچ اینڈ آئی نو۔

ساتھ ہی بال پیچھے کرنے لگی جو ہوا کے باعث آگے آرہے تھے۔

"اوکے میں باقی مہمانوں سے مل لوں۔"

.ضرور کیوں نہی "اور آگے بڑھ گئی "


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیونکہ ابھی رکنے کا ٹائم نہی تھا اور وہ رکنا نہیں چاہتی تھی کیونکہ وہ ابھی کچھ نہیں (بھولی تھی۔۔

********

"ماما آپ کو بابا بلا رہے ہیں کیک کٹنگ ہونے لگا ہے سب آپ کا ویٹ کر رہے ہیں۔" فاریہ بیگم جو اپنی دیورانی سے باتیں کر رہی تھیں احمر کی آواز پر چونکی۔

" اوکے میں آتی ہو۔" اور ساتھ انیسہ بیگم کے ساتھ اس جگہ آگئی جہاں کیک کٹنگ ہو رہا تھا وہ جگہ بھی نہایت خوبصورت تھی جہاں موٹے موٹے گولڈن حروف



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لکھاہوا تھا۔وہاں موجود سب congratulations انگریزی کے حروف لوگ وریشہ کو مبارکباد دے رہے تھے ساتھ ساتھ کیک کٹ رہا تھااور بہت سی مبارکباد کی آوازیں گونج رہی تھیں۔کچھ دل خوش تھے اور کچھ نظر آنے کی ناکام کوشش کررہے تھے۔بالا آخر ہزاروں دعاؤں اور تحفوں کے ساتھ کیک کٹ گیا۔سب سے پہلے اس نے فیصل صاحب، فاریہ بیگم اور احمر کو کھلایا پھر وہاں موجود تمام لوگوں کو کھلایا۔

********

کیک کٹنگ کرنے کے بعد کھانے کا وقت تھا۔ہر جگہ چہل پہل تھی ہر کوئی کھانے میں مصروف تھا۔بہت سے کھانوں کی مہک نے ہر طرف مہک پھیلائی ہوئی تھی۔ایسے میں وریشہ سب سے کھانے کا پوچھ رہی تھی اسی وقت ایک آواز نے اُسے چونکا دیااور اس کے آگے بڑھتے قدم روک دیے۔

ہیلو وریشہ فیصل کا نگریجو لیشن۔"یہ آواز وہ اچھے سے پہچانتی تھی۔ایک دم وہ" .
حیران تھی اور ساتھ ہی اس نے خود کو سنبھالا۔

"اوہ یو! تمھیں کس نے بلایا ادھر مسٹر۔ "

اوہ تو میز آپ نے مجھے نہیں بلانا تھا؟"وہ حیرت سے بولا۔

نہیں بلکل بھی نہیں۔"وریشہ نے ہاتھ باندھتے ہوئے کہا۔"

مگر اب تو میں آگیا."اس نے بھی وریشہ کی طرح ہاتھ باندھتے ہوئے مسکراہٹ"
سے جواب دیا۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"واٹ ایور تو مسٹر اگر آپ آہی گئے ہیں تو جایئے بیٹھ کے کھانا کھالیجئے کیونکہ مجھے مہمانوں کو عزت دینے آتی ہے چاہے مہمان بن بلایا ہو۔" اور آگے بڑھ گئی۔

اس کے چہرے پر عجیب سی ناگواری تھی جیسے اسے اس شخص کا وہاں موجود ہونا زہر لگ رہا ہو۔

مگر وہ وہی کھڑا مسکراتا ہوا اسے دور جاتے ہوئے دیکھنے لگا یہاں تک کے وہ کچھ لائٹس میں گم ہو گئی اور وہ شخص آگے بڑھ گیا۔

********

(جاری ہے۔)

www.novelsclubb.com